مطبوعات

فقہائے ہند جلد اوّل	مؤلف : مولانا محمد اسحاق بھٹی ناشر : ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ لاہور سفید کاغذ۔ سائز ۲۳ × ۳۶ / ۱۶ صفحات : ۲۴۲ قیمت مجلد : ۱۳/۷۵ روپے

اس کتاب میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے ہندوستان کے فقہا و علمائے اسلام کا تذکرہ ہے — محترم مؤلف نے زیرِ نظر تالیف کی جلد اوّل میں پہلی صدی ہجری سے آٹھویں صدی ہجری تک کے فقہائے اسلام کے مختصر سوانح بیان کیے ہیں۔ فاضل مصنّف نے بیشتر فقہائے کرام کے متعلق محض تعارف پیش کرنے پر اکتفا کیا ہے البتہ جن معروف بزرگوں کے حالات مفصل مل سکے ہیں ان کے نام و نسب اور تحصیل علم کے علاوہ ان کی دینی خدمات پر اچھی خاصی روشنی ڈالی ہے۔

شروع میں ابتدائیہ کے عنوان سے ایک بیش قیمت علمی و تحقیقی مقالہ درج ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ عہدِ خلافتِ راشدہ میں ہی بعض جنگی مہمات کے ضمن میں عساکرِ اسلام کے ہمراہ صحابہ و تابعین برصغیر ہند کی طرف تعلیم و تبلیغ کی غرض سے تشریف لائے اور بعد ازاں اموی خلافت کے دوران بھی یہ تبلیغی کام مسلمان خلفاء و امراء کی سرپرستی میں برابر آگے بڑھتا رہا۔ اس کے بعد ہند کے شمال مغرب سے مسلمان سلاطین برصغیر میں وارد ہونے لگے جن میں سرِ فہرست محمود غزنوی کا نام نامی ہے۔ یہ تمام مسلم ملوک و امراء اشاعتِ اسلام کے مبارک مشن کی تکمیل میں کوشاں رہے۔

ہماری رائے میں "فقہائے ہند" کی تالیف نہایت مستحسن کاوش ہے اور اس پر محترم مؤلف مبارکباد کے مستحق ہیں کہ پاکستانی نوجوانوں کو اس کتاب کے مطالعہ سے اپنے اسلاف کے کارناموں سے واقفیت بہم پہنچ سکے گی۔

امن عالم اور اسلام

تالیف: سید قطب شہید

ترجمہ: پروفیسر منظور احمد صاحب۔

شائع کردہ: گلستان پبلیکیشنز۔ ۴۰۔ اُردو بازار، لاہور

صفحات: ۲۴۴ قیمت: ۱۸/- روپے ڈیلکس ایڈیشن: ۲۴/- روپے

سید قطب شہید نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دَورِ جدید کے بہت سے پیچیدہ مسائل کا حل پیش کیا ہے اور اس ضمن میں متعدد کتابیں لکھی ہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے امن عالم کے قیام میں اسلام کے کردار کو نمایاں کیا ہے۔ اسلام ایک مسلمان کو قلبی طور پر امن و سکون سے ہمکنار کرتا ہے، اس کی گھریلو فضا اور اس کا معاشرتی ماحول پُر امن بنا دیتا ہے۔ حتّٰی کہ اس کی دنیا کو عالمگیر سطح پر جنّت کا گہوارہ بنا دیتا ہے بشرطیکہ اسے نفوذ و سرایت کا موقع دیا جائے۔

جناب منظور احمد صاحب کا ترجمہ سلیس اور رواں ہے اور گلستان پبلیکیشنز نے کتابت و طباعت کا اچھا معیار پیش کیا ہے۔ ۲۴۴ صفحات کی اس کتاب کی قیمت ۲۴/- روپے البتہ زیادہ ہے۔

کتاب الفوائد المشوق الی علوم القرآن وعلم البیان

تالیف: الامام ابن قیم الجوزیہ

ناشر: دار نشر الکتب الاسلامیہ۔ ۱۹ گورو نانک پورہ۔ گوجرانوالہ

سفید کاغذ۔ سائز ۱۸×۲۲/۸ عربی ٹائپ

صفحات: ۲۶۰ قیمت: ۱۵/- روپے

قرآنِ پاک کی فصاحت و بلاغت کے موضوع پر عربی زبان میں امام ابن قیم کی یہ کتاب بڑی وقیع ہے۔ اس میں امامِ موصوف نے ڈیڑھ سو کے قریب ایسے عمدہ اسالیبِ بیان اور اصنافِ سخن کا ذکر کیا ہے جن سے کلامِ الٰہی آراستہ و مزین ہے۔ ہر صنفِ سخن کی مختصر تعریف کرنے کے بعد متعلقہ آیاتِ قرآنی کو بیان کیا ہے اور لغتِ عرب اور اشعارِ عرب سے بھی امثلہ و شواہد پیش کئے ہیں۔ آخر میں اعجاز القرآن تلوین الخطاب اور دیگر اہم قرآنی مباحث پر بھی محققانہ کلام فرمایا ہے۔

ہم اس نایاب علمی کتاب کی اشاعت پر دار نشر الکتب الاسلامیہ کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔